4545-اسلام قبول کرنا چاہتی ہے لیکن اسلامک سینٹر میں صرف مرد ہیں

سوال

میں حقیقتا اسلام قبول کرنے کا سوچ رہی ہوں لیکن میرے شہر میں مسجد کے اندر صرف مسلمان مرد حضرات ہی ہیں ، توکیا میں وہاں جاکر اسلام قبول کرنے کا اعلان کروں ، یا کوئی اور بھی طریقہ ہوسکتا ہے ؟

پسندیدہ جواب

اول :

ہم اس حقیقی سوچ پر آپ کو مبارکباد دیتے ہیں کہ آپ اسلام قبول کرنے جارہی ہیں اور اس دین میں جوکہ دین حق اور عدل وانصاف کا دین ہے میں آنا چاہتی ہیں ۔

لگتا ہے کہ آپ انہیں میں سے ہیں جن کے بارہ میں اللہ تعالی خیر و بھلائی چاہتا ہے اور انہیں سعادت مند لوگوں میں لکھ رکھا ہے ۔

اللہ سبحانہ وتعالی کا فرمان ہے :

.{اللہ تعالی جس کسی کو بھی ھدایت نصیب کرنا چاہتا ہے اس کا سینہ اسلام کے لیے کشادہ کردیتا ہے}.الانعام (125) ۔

دوم :

اسلامک سینٹر میں ہی قبول اسلام کا اعلان واجب اور ضروری نہیں بلکہ صرف اتنا ہے کہ ہوسکتا ہے وہاں پر قبول اسلام کا اعلان کرنا کچھ رسمی معاملات کے لیے آسان ہو یا پھر مستقبل میں ثبوت پیش کرنے کے لیے لکھا ہوا سرٹیفکیٹ مل جائے ۔

تو اس بنا پر آپ کے لیے اتنا ہی کافی ہے کہ آپ کلمہ شھادت پڑھیں اور دین اسلام کے شعار پر عمل شروع کردیں مثلا نماز وغیرہ اور اللہ تعالی کے وہ احکامات جو اس نے مسلمانوں پر واجب کیے ہیں اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے حکم دیا ہے اس کی اطاعت کریں ۔

ہم اللہ تعالی سے دعا گو ہیں کہ وہ آپ پر اپنی نعمت کو مکمل کرے اور آپ کو صراط مستقیم کی ہدایت دے کر اس پر ثابت قدم بھی رکھے ، آمین ۔

واللہ اعلم.